21 مارچ 2012ء

رواں مالی سال کے پہلے 8 ماہ کے دوران زرعی قرضوں کی فراہمی 19 فیصد اضافے کے ساتھ 172.563 بلین روپے تک پہنچ گئی

رواں مالی سال (2011-12ء) کے پہلے 8 ماہ (جولائی۔فروری) کے دوران بینکوں کی جانب سے زرعی شعبے کو قرضوں کی فراہمی میں سالانہ بنیاد پر 19 فیصد کا اضافہ ہوا۔ بینکوں نے رواں مالی سال (2011-12ء) کے پہلے 8 ماہ (جولائی۔فروری) کے دوران زرعی شعبے کو 172.563 بلین روپے کے قرضے فراہم کئے جبکہ گذشتہ مالی سال کے اسی عرصے کے دوران زرعی شعبے کو 145.439 بلین روپے کے قرضے فراہم کئے گئے تھے۔ اس طرح اس عرصے کے دوران زرعی شعبے کو قرضوں کی فراہمی میں 27.124 بلین روپے اضافہ ہوا۔

پانچ بڑے کمرشل بینکوں، جن میں الائیڈ بینک لمیٹڈ (ABL)، حبیب بینک لمیٹڈ (HBL)، ایم سی بی بینک لمیٹڈ، نیشنل بینک آف پاکستان (NBP) اور یونائیٹڈ بینک لمیٹڈ (UBL) شامل ہیں، کی جانب سے رواں مالی سال کے پہلے 8 ماہ (جولائی۔فروری 2012ء) کے دوران مجموعی طور پر 94.595 بلین روپے کے زرعی قرضے فراہم کئے گئے جبکہ گذشتہ مالی سال کے اسی عرصے کے دوران ان پانچ بینکوں نے زرعی شعبے کو 80.415 بلین روپے کے قرضے فراہم کئے تھے۔ اس طرح ان پانچ بڑے کمرشل بینکوں کی جانب سے زرعی شعبے کو قرضوں کی فراہمی میں جولائی۔فروری 2012ء کے دوران 14.180 بلین روپے یا 17.63 فیصد اضافہ ہوا۔

زرعی ترقیاتی بینک لمیٹڈ (ZTBL) جو سب سے بڑا اسپیشلائزڈ بینک ہے، نے رواں مالی سال کے پہلے 8 ماہ کے دوران 31.652 بلین روپے کے زرعی قرضے فراہم کئے جبکہ گذشتہ مالی سال کے اسی عرصے کے دوران زرعی ترقیاتی بینک لمیٹڈ نے 31.282 بلین روپے کے زرعی قرضے فراہم کئے تھے، اس طرح زرعی ترقیاتی بینک نے 1.18 فیصد زیادہ زرعی قرضے جاری کئے۔ رواں مالی سال کے پہلے 8 ماہ کے دوران پنجاب پراونشل کوآپریٹو بینک لمیٹڈ (PPCBL) کی جانب سے زرعی قرضوں کی فراہمی 5.549 بلین روپے رہی جبکہ گذشتہ مالی سال کے اسی عرصے کے دوران پنجاب پراونشل کوآپریٹو بینک لمیٹڈ (PPCBL) نے 4.168 بلین روپے کے زرعی قرضے فراہم کئے تھے، اس طرح پنجاب پراونشل کوآپریٹو بینک لمیٹڈ (PPCBL) نے اس عرصے میں 33.13 فیصد زیادہ زرعی قرضے فراہم کئے۔

14 ملکی نجی بینکوں (DPBs) نے رواں مالی سال کے پہلے 8 ماہ کے دوران 32.910 بلین روپے کے زرعی قرضے فراہم کئے جبکہ گذشتہ مالی سال کے ابتدائی 8 ماہ کے دوران ان بینکوں نے 29.574 بلین روپے کے زرعی قرضے فراہم کئے تھے، یوں ان بینکوں کی جانب سے اس عرصے کے دوران 11.28 فیصد زیادہ زرعی قرضے فراہم کئے گئے۔

خوشحالی بینک لمیٹڈ، این آر ایس پی مائیکروفائنانس بینک لمیٹڈ، دی فرسٹ مائیکروفائنانس بینک لمیٹڈ، پاک اومان مائیکروفائنانس بینک لمیٹڈ اور تعمیر مائیکروفائنانس بینک لمیٹڈ سمیت پانچ مائیکروفائنانس بینکوں نے جولائی۔فروری 2012ء کے دوران مجموعی طور پر 7.856 بلین روپے کے زرعی قرضے فراہم کئے۔

واضح رہے کہ اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے پہلی مرتبہ مائیکروفائنانس بینکوں کو رواں مالی سال کے لئے زرعی شعبے کو 12.20 بلین روپے کے قرضوں کی فراہمی کا مجوزہ ہدف دیا ہے۔

اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے رواں مالی سال کے لئے زرعی قرضوں کی فراہمی کا 285 بلین روپے ہدف تجویز کیا ہے۔

☆☆☆